سوال

(62) فلموں میں شرکیہ مناظر دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں فلمیں دیکھتا ہوں اوران میں شرکیہ مناظر ہوتے ہیں جیسے بتوں کو پوجنا وغیرہ، توکیا یہ شرک ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالی آپ کوہدایت دے، صراط مستقیم پر چلائے، اور عفت وعصمت کا مجسمہ بنائے، فلم کوئی بھی اسے دیکھنا حرام اور ناجائز ہے، کیونکہ فلموں غیر محرم عورتیں برہنہ یا نیم برہنہ حالت میں سکرین پر موجود ہوتی ہیں، اور اسلام نے ہمیں اپنی نگاہ کو جھکانے اور کسی غیر محرم عورت کی طرف نہ دیکھنے کا حکم دیا ہے۔

اسلام اور اسلامی نظامِ حیات 'ایک پاک وصاف معاشرے کی تعمیر اور انسانی اخلاق وعادات کی تہذیب کرتا ہے۔ اسلام نے جہالت کے رسم ورواج اور اخلاق وعادات کو جو ہر قسم کے فتنہ وفساد سے لبریز تھے 'یکسر بدل کر ایک مہذب معاشرے اور تہذیب کی داغ بیل ڈالی' جس سے عام انسان کی زندگی میں امن 'چین اور سکون ہی سکون در آیا۔ اسلام اپنے ماننے والوں کی تہذیب اور پُرامن معاشرے کے قیام کے لئے جو پہلی تدبیر اختیار کرتا ہے 'وہ ہے: انسانی جذبات کو ہر قسم کے ہیجان سے بچانا' وہ مرد اور عورت کے اندر پائے جانے والے فطری میلانات کو اپنی جگہ باقی رکھتے ہوئے انہیں فطری انداز کے مطابق محفوظ اور تعمیری انداز دیتا ہے۔

آپ اپنی اصلاح کریں اور فلمیں دیکھنے جیسے ایک حرام سے بچ گئے تو اگلا سوال پیدا ہی نہیں ہوگا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاوی بن باز رحمہ اللہ]

جلددوم